NHS

Screening Programmes

Sickle Cell and Thalassaemia

حقائق جانیں: تھلیسیمیہ اور سکریننگ

بیٹا تھلیسیمیہ میجر کی بیماری کیا ہے؟



بیٹا تھلیسیمیہ میجر جسے زیادہ ترتھلیسیمیہ میجر کے نام سے جانا جاتا ہے خون کی ایک شدید بیماری ہے۔

یہ بیماری والدین سے بچوں کو وراثت میں منتقل ہوتی ہے۔ اس میں خون کی جسم کے مختلف حصوں کو آکسیجن پہنچانے کی صلاحیت پر اثرپڑتا ہے۔ جسم کے مختلف حصوں تک آکسیجن لے جانے کے لیے خون کے سرخ خلیے مناسب مقدار میں دستیاب نہیں ہوتے۔

اسی لیے تھلیسیمیہ کی بیماری والے افراد کو زندگی بھر باقاعدگی سے اضافی خون کی ضرورت پڑتی ہے۔ اسے انتقال خون کہا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ انہیں دوائیاں لینے کی ضرورت بھی پڑتی ہے تاکہ ان کے جسم آئرن یعنی فولاد کی مقدار پر قابو پا سکیں۔

تھلیسیمیہ کی بیماری والے افراد جلدی تھک سکتے ہیں اور ان کے اہم اعضا میں پیچیدگیاں پیدا بھی ہو سکتی ہیں۔

لوگوں میں تھلیسیمیہ کی بیماری کیسے پیدا ہوتی ہے؟

آپ کو تھلیسیمیہ کی بیماری اُس طرح نہیں لگ سکتی جیسے آپ کو دوسروں سے زکام لگ جاتا ہے۔ یہ بیماری آپ کو اپنے والدین سے جین کے ذریعے منتقل ہوتی ہے۔

تھلیسیمیہ کی بیماری لوگوں میں صرف اُسی صورت میں پیدا ہوتی ہے جب انہیں دو غیرمعمولی جین ملیں – ایک اپنے والد کی طرف سے اور دوسرا اپنی والدہ کی طرف سے۔

جین ایسے کوڈ ہوتے ہیں جو آپ کے جسم کو کنٹرول کرتے ہیں۔ مثلاً آپ کے جین آپ کی آنکھوں کے رنگ، آپ کے قد، حتیٰ کہ آپ کی خوبصورت مسکراہٹ کو کنٹرول کرتے ہیں!

عائشہ اور حسن دونوں صحت مند ہیں۔ ان میں سے کسی میں بھی تھلیسیمیہ کی بیماری نہیں پائی جاتی ۔ لیکن چونکہ ان دونوں میں ایک غیر معمولی جین پایا جاتا ہے اس لیے ان کے بچے عمران میں یہ بیماری موجود ہے۔

ہم عائشہ اور حسن کو ‘‘ کیرئیر’’ یعنی جین کا حامل کہتے ہیں۔ جین کے حامل افراد خود تندرست ہوتے ہیں لیکن وہ غیر معمولی جین اپنے بچوں کو منتقل کر سکتے ہیں۔ ہر دفعہ عائشہ اور حسن کے ہاں بچہ پیدا ہوتے وقت 4 میں سے 1 دفعہ یہ بات ممکن ہے کہ اُن کے بچے میں بیٹا تھلیسیمیہ کی بیماری موجود ہو گی (25 فیصد امکان)۔ ان کے آئندہ پیدا ہونے والے بچے کو تھلیسیمیہ کی بیماری ہو سکتی ہے یا وہ جین کا حامل ہو سکتا ہے یا اس میں تھلیسیمیہ کی بیماری بالکل موجود نہیں ہو گی۔

نیچے دی گئی شکل یہ ظاہر کرتی ہے کہ ان دونوں سے یہ بیماری عمران کو کیسے منتقل ہوئی ہے۔



میں ٹیسٹ کیسے کروا سکتا/سکتی ہوں؟

تھلیسیمیہ کا ٹیسٹ یہ معلوم کرنے کے لیے کیا جاتا ہے کہ آیا آپ "کیرئیر" یعنی جین کے حامل ہیں یا نہیں – کیا آپ میں ایک غیر معمولی جین پایا جاتا ہے۔

اگر آپ کیرئیر یعنی جین کے حامل ہیں تو اس بات کا امکان موجود ہے کہ بچے کی پیدائش پر آپ غیر معمولی جین اُسے منتقل کر دیں۔ چونکہ جین کے حامل افراد عام طور پر تندرست ہوتے ہیں اس لیے یہ بات صرف ٹیسٹ کروانے کے بعد ہی معلوم ہو سکتی ہے کہ آیا آپ اس جین کے حامل ہیں یا نہیں۔

یہ خون کا ایک سادہ سا ٹیسٹ ہے جس میں صرف چند منٹ لگتے ہیں۔ اس کے لیے آپ اپنے فیملی ڈاکٹر (جی پی) یا اپنے مقامی تھلیسیمیہ سینٹر سے کہہ سکتے ہیں۔

انگلینڈ میں تمام حاملہ خواتین اور نوزائیدہ بچوں کا تھلیسیمیہ میجر کا ٹیسٹ کیا جاتا ہے۔ لیکن بچہ پیدا کرنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے یہ معلوم کرنا بہتر ہو گا کہ آیا آپ کیرئیر یعنی جین کی حامل ہیں یا نہیں۔ اگر آپ حاملہ ہیں تو آپ کو یہ ٹیسٹ 10 ہفتوں سے پہلے کروا لینا چاہیے۔

کیا آپ کو معلوم ہے؟

- انگلینڈ میں تقریباً 210,000 افراد تھلیسیمیہ جین کے "حامل" ہیں۔
- آپ اپنی زندگی کے کسی بھی مرحلے پر اپنا ٹیسٹ کرو اسکتے ہیں۔ بچہ پیدا کرنے کا فیصلہ کرنے سے پہلے ٹیسٹ کے بارے میں معلوم کرنا آپ کے لیے بہتر ہو گا۔

مزید معلومات کے لیے اپنے جی پی سے مشورہ کریں یا یہ ویب سائٹ ملاحضہ کریں:

www.sickleandthal.org